نامہ میرے نامے!

محترم جناب مدیر ماہنامہ رُشد!

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

مزاجِ گرامی بخیر!

ماہنامہ رُشد کا شمارہ نمبر ۵ (ستمبر، اکتوبر ۲۰۰۷ء) موصول ہوا۔ آپ کا بہت ممنون ہوں کہ آپ نے مجھے رسالہ ارسال کیا ہے۔ تین مضامین (رمضان! اہم تاریخ واقعات، حدرجم اور مولانا اصلاحی اور مولانا محمد رمضان سلفی صاحب کا انٹرویو) ایک نشست میں پڑھے، ماشاء اللہ ماہنامہ رُشد کا اجرا علمی داَدبی دُنیا میں گرانقدر اضافہ ہے۔ اس وقت جماعت اہلحدیث پاکستان کے ماہوار رسائل میں 'ماہنامہ محدث' ایک منفرد مقام کا حامل ہے جو مولانا حافظ عبدالرحمٰن مدنی اور محترم حافظ حسن مدنی ﷾ کی ادارت ونگرانی میں شائع ہوتا ہے۔ محدث کے علمی وتحقیقی مقالات قارئین کے علم میں اضافہ کا باعث بنتے ہیں۔

ماہنامہ رُشد کے مضامین بھی بڑے جاندار اور تحقیقی ہیں۔ آپ نے اس کا اجرا کرکے اہل علم کو ایک گرانقدر علمی واَدبی تحفہ دیا ہے۔ جس مجلّہ کو حافظ عبدالرحمٰن مدنی ﷾ جیسے محقق عالم دین کی سرپرستی حاصل ہو وہ انشاء اللہ العزیز بہت جلد علمی دُنیا میں ایک مقام بنا لے گا۔ اس وقت ملک میں حدیث نبوی ﷺ کے خلاف طلوعِ اسلام تو تقریباً نصف صدی سے زیادہ عرصہ ہوگیا ہے، پردپیگنڈہ کررہا ہے کہ حدیث دین میں حجت نہیں، اس کی حیثیت تاریخ کی ہے۔ علمائے اہلحدیث شروع ہی سے حدیث کا دِفاع کررہے ہیں۔ اب ایک نیا فتنہ جاوید اُحمد غامدی نے کھڑا کیا ہے۔ علمائے اہل حدیث جیسا کہ آپ اس سے بخوبی آگاہ ہیں، اس کا دفاع کررہے ہیں، اس لئے میری آپ سے یہ درخواست ہے کہ آپ ہر ماہ ماہنامہ رُشد میں دفاعِ حدیث کیلئے مضمون شائع کریں اور اس سلسلہ میں مضامین کیلئے محقق العصر مولانا ارشاد الحق اثری، مولانا محمد یحییٰ گوندلوی آف ساہوالہ ضلع سیالکوٹ، مفسر قرآن حافظ صلاح الدین یوسف ﷾ اور دوسرے اہل علم سے مضامین حاصل کریں۔ اس کے علاوہ شخصیات کا عنوان بھی ہونا چاہئے یعنی ہر ماہ 'تذکرۂ علمائے اہلحدیث' کے عنوان سے پانچ چھ صفحات پر کسی عالم دین کے حالاتِ زندگی اور اس کی علمی، دینی اور تصنیفی خدمات کا تذکرہ ہو۔ مجموعی لحاظ سے رُشد کا شمارہ نمبر ۵ بہترین علمی مواد کا حامل ہے۔ آپ مبارکباد کے مستحق ہیں کہ آپ نے ایک علمی رسالہ کا اجرا کرکے علمی واَدبی دنیا میں گرانقدر اِضافہ کیا ہے۔

اس سے پہلے جو شمارے شائع ہوئے ہیں اگر وہ بھی ارسال کردیں تو نوازش ہوگی۔ شخصیات پر اگر آپ چاہیں تو

آپ کو مضمون بھیج سکتا ہوں اور ہر ماہ انشاء اللہ العزیز اس سے عہدہ برا ہوں گا۔ سردست 'خاندان شاہ ولی اللہ دہلوی کی تفسیری خدمات' پر مضمون ارسالِ خدمت ہے۔ اُمید کرتا ہوں کہ آپ یہ مضمون شائع کر کے ممنون فرمائیں گے۔ رسید مضمون سے اطلاع دے کر مشکور فرمائیں۔ والسلام

ملک عبدالرشید عراقی

سوہدرہ براستہ وزیرآباد ضلع گوجرانوالہ

☆ ...... ☆ ...... ☆

جناب حافظ انس نضر مدنی صاحب، مدیر ماہنامہ رُشد!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اُمید ہے کہ مزاجِ گرامی بخیر ہوں گے۔

بندہ شکرگزار ہے کہ تبادلہٴ التراث میں ماہنامہ رُشد ارسال فرمایا۔ طلبہ جامعہ لاہور اسلامیہ کی طرف سے مجریہ پرچہ رُشد کسی بھی معیاری مجلّے سے کم نہیں۔ وہ ادارہ اور انتظامیہ صد مبارکبادی کے مستحق ہیں جن کے دن رات طلبہ کی بہتری اور ترقی کیلئے وقف رہتے ہیں۔ حقیقت بھی یہی ہے کہ زیادہ پیسے خرچ کرنے سے لازم نہیں آتا کہ کوئی ادارہ تعلیمی ترقی کے منازل طے کرے جب تک بہترین پلاننگ نہ ہو اور دماغوں کو اعلیٰ مقاصد کیلئے استعمال میں نہ لائے۔ جامعہ لاہور الاسلامیہ ان انفرادی خصوصیت کے حامل اداروں میں سے ایک ہے جو 'ماہنامہ محدث' کے بیک ٹائٹل پر مکتوب، اَغراض و مقاصد اور اہداف پر پوری طرح عمل پیرا ہے اور دین و دُنیا دونوں کے تقاضوں کو پورا کر رہا ہے۔ اللّٰھم زِد فَزِد

ماہنامہ رُشد کے تمام مضامین اعلیٰ کاوش کے مظہر ہیں، تاہم درسِ قرآنِ کریم میں تحت اللفظ ترجمہ اور طویل صرفی تحلیل میں قارئین طوالت محسوس نہ کرے تو فائدہ سے خالی ہرگز خالی نہیں۔ نیز الفاظ اور معانی میں بھی اختصار اور جامعیت کا لحاظ رکھا جائے تو بندہ بہتر خیال کرتا ہے۔ دوسری طرف تفسیری نکات، ضروری قراءات اور عام فہم وتوضیح شامل کرنا مناسب سمجھیں تو کیسا رہے گا؟

ایک بار پھر انتظامیہ اور طلبہ کو اس خوبصورت اور علمی مجلّہ کے اِجرا پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو آپ کے اہداف میں کامیاب فرمائے۔ والسلام

عبدالرحیم روزی

ممبر مجلس اِدارت مجلّہ التراث

جامعہ دار العلوم بلتستان، غواڑی